بی جے پی حکومت میں نوجوانوں کا مستقبل خطرہ میں

نیٹ پیپر لیک معاملہ میں کانگریس امیدواروں کو انصاف دلانے کیلئے سڑک سے پارلیمنٹ تک جدوجہد کرے گی: سکندر عباس رضوی

بارہ بنکی (ایس این بی) بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت میں نوجوانوں کا مستقبل خطرہ میں ہے۔ کانگریس پارٹی بی جے پی کو نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے سکتی۔ نیٹ پیپر لیک معاملہ میں کانگریس پارٹی امیدواروں کو انصاف دلانے کے لیے سڑک سے پارلیمنٹ تک جدوجہد کرے گی۔

مذکورہ خیالات آج یوتھ کانگریس کے زیر اہتمام ضلع مجسٹریٹ کے سامنے والے دھرنے کو خطاب کرتے ہوئے صدر ضلع یوتھ کانگریس سکندر عباس رضوی نے ظاہر کیے۔ انہوں نے کہا کہ اتنے حساس معاملے میں وزیر اعظم کی خاموشی تشویشناک ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وزیر تعلیم کے بیانات سے نوجوان اور زیادہ بے چین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کا اخلاقی فریضہ ہے کہ وہ اخلاقی ذمہ داری لیتے ہوئے استعفیٰ دیں۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ ہند کو منسوب میمورنڈم اڈیشنل مجسٹریٹ کو پیش کیا گیا جس میں کہا گیا ہے کہ نیٹ یوجی پرچہ لیک ہو جانے سے لاکھوں نوجوانوں کا مستقبل تاریک ہوگیا ہے اور نوجوانوں کے سرپرستوں کے لاکھوں روپے برباد ہوگئے۔ برسوں کی محنت کا نتیجہ نہ نکلتے دیکھ کر طلباء و طالبات خودکشی تک کرنے پر مجبور ہورہے ہیں۔

میمورنڈم میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ صدر جمہوریہ حکومت کو ہدایت دیں کہ وہ قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ اس موقع پر ویریندر پرتاپ یادو ایڈوکیٹ، محمد اظہار صدیقی ایڈوکیٹ، رمن لال دویدی ایڈوکیٹ، فرحان قدوائی، محمد رضوان، دویندر پرتاپ یادو، اکرام انصاری، چندن باجپئی، محمد عادل، صدام حسین، انکور یادو، گوپی کنوجیا سمیت دوسرے لوگ موجود تھے۔

گرو ہرگووند صاحب کا پرکاش اتشو دھوم دھام سے منایا گیا

بارہ بنکی (ایس این بی) سکھوں کے چھٹویں گرو ہرگووند صاحب کا پرکاش اتشو آج گرو سنگھ سبھا کے زیر اہتمام گرودوارہ لاجپت نگر میں دھوم دھام سے منایا گیا۔ اس موقع پر حضوری راگی بھائی تیرتھ سنگھ کے ذریعہ کیرتن دربار سجایا گیا۔ تقریب میں سکھ منی سیوا سوسائٹی کے بچوں اور دیگر لوگوں کے ذریعہ سکھ منی صاحب کا پاٹھ کیا گیا۔ گرو سنگھ سبھا کے ذریعہ ان بچوں کو اعزاز سے نوازا گیا ان بچوں میں کسمن کور، جلبین کور، اگم کور، کولین کور، پربھ جوت سنگھ، ہرجوت سنگھ، سپرین سنگھ، اشمن کور وغیرہ شامل تھے۔ اس کے بعد لنگر کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اس موقع پر پردھان سردار بھوپیندر سنگھ، رویندر سنگھ، سکریٹری ہری پپال سنگھ، راج دیپ سنگھ خازن ہرپریت سنگھ، ستیہ نام سنگھ خالصہ وغیرہ موجود تھے۔ تقریب میں وزیر سستیش چند شرما موجود تھے۔

مختصر خبریں

یوم تصفیہ میں 8 درخواستوں کا تصفیہ

محمود آباد–سیتاپور (ایس این بی) ایس ڈی ایم شکھا شکلا کی صدارت میں تھانہ سمادھان دیوس منعقد ہوا جس میں افسران نے لوگوں کی شکایتوں کو سنا۔ پندرہ درخواستیں ریونیو محکمہ کی اور دو پولیس محکمہ کی موصول ہوئیں کل 17 درخواستوں میں سے آٹھ درخواستوں کا موقع پر ہی تصفیہ کردیا گیا۔ دیگر درخواستوں سے متعلق افسران نے ماتحتوں کو ان کے تصفیہ کے لیے ضروری ہدایات دیں۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار دینا ناتھ یادو، سی او دنیش شکلا، کوتوال انل سنگھ، قانون گو عمران احمد، للت سنگھ، للتیش، سشیل گوڑ، غفران خان لیکھ پال وغیرہ موجود تھے۔

سانپ کے کاٹنے سے 2 کی موت

محمود آباد –سیتاپور (ایس این بی) بلاک رام پور متھرا علاقہ کے موضع ٹکٹھا کے مزرعہ لونین پوروہ کے رہنے والے رام سیوک اپنے کھیت میں دھان کی نرسری تیار کررہے تھے کہ رام سیوک کا چھ سالہ لڑکا بھی ان کے ساتھ تھا۔ اسی دوران کھیت میں اسے کسی سانپ نے ڈس لیا، آناً فاناً گھر والے اسے سی ایچ سی پہنچے جہاں سے اسے ضلع اسپتال ریفر کردیا گیا جس نے راستے میں ہی دم توڑ دیا۔ پولیس بچے کی لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ دوسری جانب مسرکھ بلاک علاقہ کے موضع ککر ہیا پوروا کے مزرعہ بھوتی کے رہنے والے چھنگا (64) گزشتہ رات کھیت کی رکھوالی کرنے گئے تھے کہ دیر رات انہیں سانپ نے ڈس لیا۔ اطلاع پاکر گھر والے اسے سی ایچ سی لے گئے جہاں سے ڈاکٹروں نے چھنگا کو ضلع اسپتال ریفر کردیا جہاں اس کی موت ہوگئی۔ پولیس نے متوفی کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔

سانپ کے ڈر سے نوجوان ٹرین سے گرکر زخمی

رائے بریلی (ایس این بی) بچھراواں تھانہ حلقہ کے تحت جمعہ کی رات تقریباً ساڑھے نو بجے نوجوان شاہنواز (26) ولد آزاد ساکن کھگڑیا تھانہ کھگولی ریاست بہار لدھیانہ سے ٹرین میں بیٹھ کر اپنے دوستوں کے ساتھ بہار جارہا تھا۔ جیسے ہی ٹرین بچھراواں ریلوے اسٹیشن کے قریب نیم ٹیکر بچھراواں کے وسط میں پہنچی تو ٹرین کے گیٹ پر بیٹھے شاہنواز کے گلے میں اچانک ایک سپیرے نے سانپ ڈال دیا۔ نوجوان اچانک اپنے گلے میں سانپ کو دیکھ کر ڈر گیا اور چلتی ٹرین سے نیچے کود گیا۔ نوجوان کے دوسرے ساتھی کسی دوسری بوگی میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نوجوان نیچے گرکر شدید زخمی ہوگیا۔ اس کے سر اور کمر پر شدید چوٹیں آئی ہیں۔ نوجوان بے ہوشی کی حالت میں ریلوے لائن کے کنارے پڑا تھا۔ کافی دیر بعد راہگیر ریلوے لائن کے کنارے پہنچے اور نوجوان کو زخمی حالت میں دیکھا تو ایمبولینس کو بلایا۔ زخمی نوجوان کو ایمبولینس کے ذریعے بچھراواں سی ایچ سی لے جایا گیا جہاں ڈاکٹر نے نوجوان کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ نوجوان کی حالت نازک دیکھتے ہوئے اسے ضلع اسپتال ریفر کردیا گیا ہے۔ آر پی ایف چوکی انچارج دنیش شرما نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ شکایت ملنے پر کارروائی کی جائے گی۔

سڑک حادثہ میں بائک سوار کی موت، ایک زخمی

سیتاپور (ایس این بی) سڑک حادثہ میں زخمی نوجوان کی میڈیکل کالج لکھنؤ میں چل رہے علاج کے دوران موت ہوگئی۔ اس حادثہ میں متوفی نوجوان کا ماموں زاد بھائی بھی زخمی ہوگیا جس کا علاج میڈیکل کالج میں ہی کیا جا رہا ہے۔ معلوم ہو کہ مچھر ہٹہ تھانہ حلقہ کے موضع پیہٹ بیرم کے رہنے والے روشن اور نمیش کے موضع لوکنا پور کے رہنے والے اس کے ماموں زاد بھائی کوشل کمار بائک سے جارہے تھے کہ کلی -نیمشارین روڈ پر کرکھالا گاؤں کے پاس اس کی بائک کو جے سی بی نے ٹکر ماردی جس سے دونوں شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ انہیں پی ایچ سی نیمش لے گئے جہاں سے انہیں ضلع اسپتال اور ضلع اسپتال سے میڈیکل کالج لکھنؤ ریفر کردیا گیا جہاں دوران علاج روشن کی موت ہوگئی۔ جبکہ زخمی کوشل کمار کا علاج چل رہا ہے۔ تھانہ انچارج نیم سارنج تیواری نے بتایا کہ حادثہ کرنے والی گاڑی کو تحویل میں لے کر آگے کی کارروائی کی جارہی ہے۔

باغ سے 5 سالہ بچی کی لاش برآمد، علاقہ میں سنسنی

مشکوک باپ فرار، واقعہ کا پردہ فاش کرنے کے لئے چار ٹیمیں تشکیل

نواب گنج گونڈہ (ایس این بی) باغ سے پانچ سالہ بچی کی لاش برآمد، مشکوک باپ فرار، لڑکی کٹرا ریلوے اسٹیشن کے آس پاس ایک مشکوک شخص کے ساتھ گھوم رہی تھی، صبح لڑکی کی لاش برآمد ہوئی جس سے علاقے میں سنسنی پھیل گئی، کپتان گونڈہ سمیت سینئر عہدیداروں نے جائے حادثہ کا معائنہ کیا۔ شیو دیال گنج میں کٹرا ریلوے اسٹیشن کے ساتھ والے باغ میں پانچ سالہ بچی کی لاش ملنے کی اطلاع مقامی پولیس کو دی گئی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قبضے میں لے کر تفتیش شروع کر دی۔ اطلاع ملتے ہی نواب گنج پولیس کی فورس موقع پر پہنچ گئی۔ لاش قبضے میں لینے کے بعد اعلیٰ حکام کو واقعہ کی اطلاع دی گئی۔ پولیس کے اعلیٰ حکام نے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا۔ پوچھ گچھ میں معلوم ہوا کہ متوفی لڑکی کو کل ایک مشکوک شخص کے ساتھ اسٹیشن کے آس پاس دیکھا گیا تھا۔ جب مقامی لوگوں نے لڑکی سے پوچھا کہ وہ کون ہے تو لڑکی نے بتایا کہ وہ اس کا باپ ہے اور جب اس سے پوچھا گیا تو مشکوک شخص نے بھی بتایا کہ وہ اس کی بیٹی ہے۔ شواہد سے مردہ لڑکی کا پتہ مدھیہ پردیش کا دتیا ضلع معلوم ہوا ہے۔ ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس رادھے شیام رائے نے کہا کہ واقعہ کا پردہ فاش کرنے کے لئے چار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جس کو مشکوک باپ کی تلاش ہے۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر بھجوادیا ہے۔ پولیس کی جانب سے دیگر قانونی کارروائی کی جارہی ہے۔

موٹر سائیکل کی ٹکر سے ایک شخص کی موت

کرنیل گنج– گونڈہ (ایس این بی) آمنے سامنے موٹر سائیکل کی ٹکر میں موٹر سائیکل سوار شخص کی موت ہوگئی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ واقعہ گونڈہ ضلع کے کوتوالی کرنیل گنج کے تحت گاؤں نکہرہ کا ہے۔ معلوم ہو کہ چونائی پرساد موٹر سائیکل پر کہیں گئے تھے اور باندھ کے راستے گھر واپس آرہے تھے۔ اسی دوران سامنے سے آرہی ایک بائک سے ٹکر ہوگئی جس کی وجہ سے انہوں نے موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ اطلاع ملتے ہی اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔ متوفی کی بیوی پشپا دیوی نے پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کر کے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ کوتوال نربھے نارائن سنگھ نے بتایا کہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے اور آگے کی کارروائی کی جارہی ہے۔

مختلف تھانوں میں 230 معاملات پیش، 58 کا تصفیہ

بارہ بنکی (ایس این بی) یوم تھانہ تصفیہ کے موقع پر آج ضلع کے سبھی تھانوں میں یوم تصفیہ کا انعقاد کیا گیا جس میں پولیس اور انتظامیہ کے افسران نے مشترکہ طور پر عام لوگوں کے مسائل سماعت کیے اور ماتحت افسران کو ان کے حل کرنے کے لیے ضروری ہدایات دیں۔ ضلع مجسٹریٹ ستیندر کمار اور ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس دنیش کمار سنگھ نے تھانہ محمد پور کھالا پہنچ کر عوام سے ان کے مسائل معلوم کیے۔ ضلع مجسٹریٹ نے افسران اور ملازمین کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تھانہ کا انعقاد محض اس لیے کیا جاتا ہے کہ عوام کو اپنے مسائل کے حل کے لیے ضلع صدر مقام نہ آنا پڑے۔ اس لیے پولیس افسران کو پوری کوشش کرنا چاہئے کہ ہر مسئلہ تھانہ سطح پر ہی حل ہوجائے۔ ایس پی دنیش کمار سنگھ نے ہدایت دی کہ تھانہ آنے والے ہر شخص سے حسن سلوک کیا جائے تاکہ وہ اپنی پوری بات بغیر کسی جھجھک اور خوف کے کہہ سکے۔ انہوں نے یہ بھی ہدایت دی کہ زمینی تنازعات میں محکمہ ریونیو اور پولیس کی مشترکہ ٹیم بناکر موقع پر پہنچ کر ازالہ کیا جائے۔ تھانہ محمد پور کھالا میں 13 معاملات آئے جن میں سے صرف ایک کا موقع پر تصفیہ کردیا گیا۔ اس کے علاوہ ضلع کے مختلف تھانوں میں سرکل افسران اور تھانہ انچارجوں نے عوام کے مسائل سنے۔ ضلع کے سبھی تھانوں میں مجموعی طور پر 230 معاملات آئے جن میں سے 58 کا موقع پر ہی تصفیہ کردیا گیا۔

گنگا میں سیلفی لینے گئے دو نوجوان ڈوب گئے

رائے بریلی (ایس این بی) گدا گنج تھانہ حلقہ کے تحت گنگا ندی میں سیلفی لینے گئے تین مسلم نوجوان اچانک گہرائی میں ڈوبنے لگے۔ جس میں سے ایک کسی طرح تیر کر باہر نکلنے میں کامیاب ہوگیا جبکہ دو لاپتہ ہوگئے۔ جن کی تلاش جاری ہے۔

اطلاع کے مطابق محمد توحید ولد محمد توفیق ساکن متین گنج، محمد فہد ولد ارشد ساکن مخدوم پور اور محمد شان ولد نوشاد جو ساکن دہلی کولا بدھن پور میں اپنے ماموں عثمان کے گھر آیا ہوا تھا۔ تینوں نوجوان ہفتہ کی دوپہر بائک پر سوار ہوکر پیاگ پور میں دریائے گنگا کے کنارے پہنچے اور سیلفی لینے کے لیے وہ ندی میں پہنچ گئے تبھی اچانک توازن بگڑ گیا اور تینوں نوجوان گنگا میں ڈوبنے لگے۔ کافی کوشش کے بعد محمد فہد تیر کر باہر نکل آیا جبکہ اس کے دیگر دو ساتھی ندی کی گہرائی میں ڈوب گئے۔ باہر نکلے نوجوان کی چیخ و پکار سن کر آس پاس کے لوگ جمع ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی گدا گنج پولیس بھی موقع پر پہنچ گئی۔ غوطہ خوروں کی مدد سے ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کو تلاش کیا گیا۔ بہت کوشش کے باوجود وہ کہیں نہ مل سکے۔ عینی شاہدین کے مطابق تینوں نوجوان ایک ساتھ دریائے گنگا میں سیلفی لینے گئے تھے اور پھر وہ اپنا توازن کھو بیٹھے۔ اطلاع ملتے ہی سرکل آفیسر ڈلموٴ ارون کمار نوہار تھانہ انچارج گدا گنج رام چندر آنند موقع پر پہنچے اور غوطہ خوروں کی مدد سے لاش تلاش کی جارہی ہے۔

وکلاء اور ایس ڈی ایم کے درمیان ہوا تنازعہ ختم!

اے ڈی ایم کے ساتھ وکلاء کی بات چیت مثبت، ہڑتال ختم کرنے پر پیر کو ہوگا فیصلہ

محمود آباد/ سیتا پور (ایس این بی) وکلاء اور ایس ڈی ایم کے درمیان گزشتہ دنوں ہوئے تنازعہ کے بعد ضلع مجسٹریٹ کی ہدایت پر ہفتہ کو اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ محمود آباد تحصیل پہنچے۔ انہوں نے سی او دفتر میں وکلاء سے بات چیت کی۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک چلی بات چیت مثبت رہی۔ وکلاء نے پیر کو بار ایسوسی ایشن کی میٹنگ کر کے جاری کی ہڑتال ختم کرنے کے سلسلہ میں فیصلہ لے لیا ہے۔ اے ڈی ایم نے اس سلسلہ میں ایس ڈی ایم سے بھی بات چیت کی۔ بدھ کو ایس ڈی ایم محمود آباد کی عدالت میں وکلاء اور ایس ڈی ایم کے درمیان ہوئے تنازعہ ہو گیا تھا۔ اس تنازعہ کے بعد وکلاء ہڑتال پر تھے۔

جمعہ کو وکلاء نے ڈی ایم سے ملاقات کر کے ایس ڈی ایم کے طریقۂ کار کی جانچ کرائے جانے کے ساتھ ہی کئی دیگر مطالبات کئے تھے۔ ڈی ایم نے وکلاء کے مطالبات تسلیم کرتے ہوئے ایس ڈی ایم اور تحصیلدار کورٹ کا کام دیکھ رہے ایک پیش کار کو ہٹانے کا حکم دیتے ہوئے ہفتہ کو وکلاء سے بات کرنے کے لئے اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ نتیش کمار سنگھ کو تحصیل محمود آباد بھیجا۔ اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ نے لائیرس ایسوسی ایشن کے صدر اکھلیش ورما و کئی دیگر عہدیداران کے ساتھ سی او دفتر میں سرکل افسر دنیش شکلا، انسپکٹر انل سنگھ کی موجودگی میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کی بات چیت کی۔ اس دوران اے ڈی ایم نے وکلاء سے ہڑتال ختم کرانے کی اپیل کی۔ جس پر پینل میں موجود وکلاء نے پیر کو ایسوسی ایشن کی میٹنگ کر کے تقریباً ایک ہفتہ تک ہڑتال کو روکنے کی بات کہی۔ اے ڈی ایم نے بھی وکلاء سے وابستہ سبھی مطالبات کا ایک ہفتہ میں تصفیہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ اس سلسلہ میں لائیرس ایسوسی ایشن کے صدر اکھلیش ورما نے بتایا کہ اے ڈی ایم سے ہوئی بات چیت کافی مثبت رہی۔ پیر کو وکلاء کے ساتھ میٹنگ کر کے فیصلہ کیا جائے گا۔

طمنچہ کے ساتھ گرفتار

خیر آباد –سیتاپور (ایس این بی) تھانہ خیر آباد پولیس نے چیکنگ کے دوران ملزم نجیب اللہ ولد مسیح اللہ ساکن موضع اشوڈر کو موتی جھیل موڑ سے گرفتار کیا ہے جس کے پاس سے ایک طمنچہ و کارتوس برآمد ہوئے ہیں۔ گرفتار ملزم کے خلاف متعلقہ دفعات میں مقدمہ درج کرتے ہوئے اسے جیل بھیج دیا ہے۔ اس موقع پر سب انسپکٹر اودھیش کمار یادو، کانسٹبل سونو، کرم ویر سنگھ، پیوش سنگھ شامل ہیں۔

وکلاء تحفظ ایکٹ کے نفاذ تک جدوجہد جاری رکھیں گے

بار آڈیٹوریم میں منعقد اجلاس سے سابق صدر اکھلیش اوستھی کا خطاب

فتح پور– بارہ بنکی (ایس این بی) وکلاء کی فلاح و بہبود کے لیے میری جدوجہد آئندہ بھی جاری رہے گی۔ ہم وکلاء کے مفاد کے لیے کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے، وکلاء تحفظ ایکٹ کے نفاذ تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔

ان خیالات کا اظہار بار کونسل کے سابق صدر اور موجودہ امیدوار اکھلیش اوستھی نے مقامی بار کے آڈیٹوریم میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء کے مفاد کے لئے آج ریاست میں ایڈوکیٹس ویلفیئر ایکٹ کی ضرورت ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہماری کوشش رہے گی کہ وکلاء کے علاج کے لئے مناسب انشورنس سسٹم فراہم کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی یقین دلایا کہ حکومت ایڈوکیٹ پروٹیکشن ایکٹ کو جلد از جلد نافذ کرے گی۔ وکلاء کے مفاد کے لئے کسی کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ہم ہمیشہ وکلاء کے مفاد کے لئے کام کرتے رہیں گے۔ اس کے ساتھ سابق صدر نے مقامی بار کے آڈیٹوریم کے لیے کئی گلدستے بھی پیش کیے۔ اس موقع پر بار ایسوسی ایشن کے صدر پردیپ نگم، جنرل سکریٹری سنجے سنگھ نمبردار، ہرینام سنگھ ورما، برجیش مشرا، اندریش شکلا، اوم پرکاش یادو، منوج یادو، سنیل سنگھ سمیت کئی وکلاء موجود تھے۔ واضح رہے کہ یہ وہی اکھلیش اوستھی ہیں جنہوں نے کچھ عرصہ قبل ہاپوڑ ضلع میں وکلاء اور پولیس کے درمیان ہوئے تشدد میں وکلاء کی حمایت میں ریاست کے ایڈوکیٹ جنرل کے عہدہ سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کے لیے ان کے ذاتی مفادات سے زیادہ وکلاء کے مفاد اہم ہیں۔ وہ اس کے لئے ہمیشہ جدوجہد کرتے رہیں گے۔

سید سلطان محمد عارف علی شاہؒ کا 3 روزہ عرس و میلہ کل سے

فتحپور– بارہ بنکی (ایس این بی) سید سلطان محمد عارف علی شاہؒ کا 16 واں سالانہ 3 روزہ عرس و میلہ 24 جون بروز دوشنبہ شروع ہوجا؟ گا۔ واضح ہو کہ فتحپور سے تقریباً 7 کلومیٹر کی دوری پر مجھگواں میں واقع درگاہ مخدوم شیخ سارنگؒ میں واقع ہے سید سلطان محمد عارف علی شاہ رحمۃ کا عرس و میلہ 24 جون بروز دوشنبہ شروع ہورہا ہے۔ سید سلطان محمد عارف علی شاہ عالم گیر شخصیت کے مالک تھے۔ ان کا اخلاق اتنا اعلیٰ درجہ کا تھا کہ جو کوئی بھی ان سے ایک بار مل لیتا وہ ان کا گرویدہ اور دیوانہ ہو جاتا تھا۔ ان کی مہمان نوازی بے مثال تھی کبھی تنہا کھانا تناول نہ فرمایا اپنے ساتھ سیکڑوں لوگوں کو چاہے وہ غریب ہو امیر ہو افسر ہو یا ماتحت ہو سب کو ایک ساتھ بیٹھا کر کھانا کھلاتے تھے۔ ن کے مریدوں میں گاؤں شہر اعلیٰ تعلیم یافتہ اعلیٰ عہدے دار اپنے کو آپ کا مرید کہلانے میں فخر محسوس کرتے تھے۔ آپ سب کے یکساں سلوک کرتے تھے۔ ان کے مریدین کا دائرہ ہندوستان ہی نہیں بلکہ بیرون ممالک تک پھیلا ہوا تھا جیسے نیپال کے شاہ بھی ان کے مریدوں میں شامل تھے۔ پروگرام کا آغاز 24 جون بروز دوشنبہ بعد نماز مغرب جشن چراغاں آستانہ حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کی نذر، بعد نماز عشاء عید میلاد النبی، 25 جون بروز منگل بعد نماز فجر قرآن خوانی، بعد نماز عشاء گاگر چادر سید سلطان محمد عارف علی شاہؒ، عید میلاد النبی و محفل سماع، 26 جون بروز بدھ بعد نماز فجر قرآن خوانی، 8 بجکر 55 منٹ پر غسل مزار پر انوار سید سلطان محمد عارف علی شاہ، بعد نماز ظہر محفل سماع و قل سید سلطان محمد عارف علی شاہؒ کا ہوگا۔ یہ سبھی پروگرام آستانہ عالیہ میں ہوں گے اور سبھی پروگرام کی سرپرستی سید محمد آصف علی شاہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ مخدوم شیخ سارنگ مجھگواں شریف کریں گے جبکہ سید سلطان محمد عارف علی شاہ کے بھتیجے سید محمد عاطف علی شاہ و سید محمد عاصم علی شاہ بھی موجود رہیں گے۔ یہ اطلاع محمد ذیشان عارفی نے دی ہے

تھانوں میں یوم تصفیہ کا اہتمام

اجودھیا (ایس این بی) حکومت کی منشا کے مطابق ضلع کے تمام تھانوں میں یوم تھانہ کا اہتمام کیا گیا۔ ڈویژنل کمشنر گورو دیال اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پروین کمار نے پولیس اسٹیشن میں شکایتوں سنا۔ اور پولیس افسران و ملازمین کو ہدایت دی کہ وہ ریونیو اور پولیس کی ٹیم کے ذریعے زمین کے تنازعہ سے متعلق شکایات کو دور کرنے کے لیے موقع پر جائیں اور جہاں تک ممکن ہو ان کا ازالہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کی موجودگی میں آپس میں بات کرکے حل کئے جائیں۔ اس دوران فرم کیلا دیوی کلاتھ اسٹور کے ساتھ دھوکہ دہی کی شکایت پر انہوں نے تھانہ صدر اجودھیا کو ہدایت دی کہ وہ فریقین کو بلا کر معاملہ طے کریں اسی طرح راجندر پرتاپ سنگھ نی جھارکھنڈی محلّہ کے معاملے پولیس اور ریونیو ٹیم کو موقع پر جاکر معاملہ حل کرنے کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر تھانہ کوتوالی میں کل 04 شکایتیں موصول ہوئیں جن کے تصفیہ کیلئے ہدایت دی گئی ہے۔

یوم تھانہ پر ڈی ایم نے شکایتوں کو سنا اور ریکارڈ بھی چیک کیا

اگر ناجائز قبضے لوگ نہیں ہٹاتے ہیں تو ان کے خلاف مقدمہ قائم کیا جائے

گونڈہ (ایس این بی) ہفتہ کو یوم تھانہ تصفیہ کے موقع پر ضلع مجسٹریٹ نیہا شرما تحصیل صدر گونڈہ کے تحت کوتوالی انٹیا تھوک پہنچیں اور وہاں آنے والے شکایت کنندگان کے مسائل کو سنا۔ عوامی سماعت کے دوران ڈی ایم نے ایک ایک کر کے تمام شکایت کنندگان کے مسائل سننے کے بعد متعلقہ اکاؤنٹنٹ اور ریونیو انسپکٹر کو پولیس کے ساتھ جاکر اور فریقین کو موقع پر بلا کر شکایت کو حل کرنے کی ہدایت دی۔ ڈی ایم نے تھانے میں شکایات سنیں اور ضروری ریکارڈ بھی چیک کیا۔ ہدایت دی گئی کہ اگر کوئی ناجائز تجاوزات ہے تو اسے ہٹایا جائے۔ کھاتہ داروں کو ہدایت دی کہ گاؤں کا سروے کر کے غیر قانونی تجاوزات کا اعلان کیا جائے، جہاں بھی ناجائز تجاوزات ہیں، اور اگر تجاوزات خود تجاوزات نہیں ہٹاتے تو ان کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے۔ اس دوران انہوں نے موجود افسران کو ہدایت کی کہ وہ زمینی تنازعات کے مقدمات کی نشاندہی کریں اور ٹیم تشکیل دیں اور انہیں جلد حل کریں۔ خاص معاملات میں ایس ڈی ایم اور سی او کو خود موقع پر جانا چاہیے۔ عوامی سماعت کے دوران ڈی ایم نے تھانے کا معائنہ کیا۔ اس دوران سائبر ہیلپ ڈیسک، کمپیوٹر روم، جیل ہاؤس، ریسٹورنٹ وغیرہ کا معائنہ کیا گیا۔ اس دوران پولیس ایریا آفیسر صدر گونڈہ شلپا ورما، بلاک ڈیولپمنٹ آفیسر انٹیا تھوک، نائب تحصیلدار گونڈہ انوراگ پانڈے، ایس ایچ او انٹیا تھوک، ریونیو انسپکٹر اور اکاؤنٹنٹ وغیرہ موجود تھے۔

کلاسیفائیڈ اشتہارات
CLASSIFIED
ایک لوٹ ٹائلس دیوار ٹائل، فلور ٹائلس سینٹری ٹوٹل ڈیل 10 لاکھ پیس، چھوٹا–بڑا سائز قیمت 1 روپے فی پیس، پتہ اتم نگر، دہلی۔ موبائل نمبر۔9311110293

پرچہ نامزدگی داخل

بارہ بنکی (ایس این بی) نگر پنچایت ٹکیت نگر کے وارڈ نمبر 9 کے خالی ہونے پر ہونے والے ضمنی الیکشن کے لیے آج سیتا دیوی اور دھرم راج نے پرچہ نامزدگی داخل کیے۔ ضمنی الیکشن کے لیے سیتا دیوی اہلیہ مہیش گپتا اور دھرم راج ولد سیتا رام نے اپنے حامیوں کے ساتھ ریٹرنگ افسر امت ترپاٹھی کے سامنے اپنے پرچے داخل کیے۔ اس موقع پر اے آر او سنجے کمار، سہیل انصاری، برجیش شکلا سمیت دوسرے افسران موجود تھے۔

تین ہیڈ کانسٹبل بنائے گئے داروغہ

محمود آباد–سیتاپور (ایس این بی) تین ہیڈ کانسٹبل بنے داروغہ، معلوم ہو کہ کوتوالی میں تعینات 1991 بیچ کے ہیڈ کانسٹبل رام کیول، مراری چوبے اور 112 ڈائل میں تعینات ہیڈ کانسٹبل راکیش تیواری داروغہ بنائے گئے جس پر سی او دنیش شکلا نے ان کی وردی پر اسٹار لگا کر انہیں مبارکباد دی، ساتھ ہی اپنے فرض کے تئیں بیدار رہ کر پوری ایمانداری اور محنت سے اپنی ڈیوٹی انجام دینے کی نصیحت کی۔ اس موقع پر ایس ڈی ایم شکھا شکلا، کوتوال انل سنگھ و دیگر لوگ موجود تھے۔